فوری ریلیز کے لیے: 21/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کا 2022 کے تھینکس گِونگ ویک اینڈ کے دوران ریاستی پولیس کی ٹریفک میں سلامتی کی مہم کا اعلان***

***ریاستی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے تعطیلات کے عرصے میں خراب اور جارحانہ ڈرائیونگ کو روکنے کے لیے گشت میں اضافہ کریں***

***تعطیلات کے سفر میں آسانی کے لیے 23 نومبر بروز بدھ صبح 6 بجے سے بروز پیر، 28 نومبر کو صبح 6 بجے تک تعمیر سے متعلقہ لین بندیاں محدود***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے موسمِ سرما کی تعطیلات کے آغاز کے ساتھ ہی ڈرائیونگ کے غیر محفوظ رویوں کو روکنے کے لیے ٹریفک میں سلامتی کی ایک خصوصی پہل کاری میں حصہ لیں گے۔ تھینکس گِونگ ویک اینڈ پہل کاری بدھ، 23 نومبر سے پیر، 28 نومبر تک جاری رہے گی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "روایتی طور پر تھینکس گِونگ سال کے مصروف ترین سفری اوقات میں سے ایک ہے، اور ہماری اولین ترجیح یہ یقینی بنانا ہے کہ ہر کوئی محفوظ طریقے سے اپنی منزلوں تک جائے آئے۔" "نشے میں دھت اور معذور ڈرائیور بالکل برداشت نہیں ہیں جو ہماری سڑکوں پر ہر کسی کی جان کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ اگر آپ کی تھینکس گِونگ کی تقریبات میں شراب نوشی شامل ہے، تو ایک ہوش مند ڈرائیور کے ساتھ محفوظ طریقے سے گھر جانے کا منصوبہ بنائیں۔"

مصروف تھینکس گِونگ ویک اینڈ کے دوران سفر کو آسان بنانے کی کوشش میں، نیو یارک کی ریاستی شاہراہوں پر سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کے منصوبوں کے لیے لین کی عارضی بندشیں بدھ، 23 نومبر کی صبح 6 بجے سے پیر، 28 نومبر کی صبح 6 بجے تک معطل رہیں گی۔ موٹر سواروں کے لیے صلاح ہے کہ ہنگامی مرمت کے لیے مستقل ٹھوس رکاوٹوں کے پیچھے کچھ کام جاری رہ سکتا ہے۔ تعمیراتی کام کی معطلی ریاست نیو یارک کی ڈرائیورز مقدم پہل کاری (Drivers First Initiative) کے ساتھ ہم آہنگ ہے، جو سڑک اور پل کے کام کی وجہ سے ٹریفک کے ہجوم اور سفر میں تاخیر کو کم کرنے کے لیے گاڑی چلانے والوں کی سہولت کو مقدم رکھتی ہے۔

**ریاست نیویارک کی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا،** "چونکہ تھینکس گِونگ کی چھٹی والے ویک اینڈ کے دوران موٹر سوار اپنے اہلِ خانہ اور دوستوں سے ملنے کے لیے ریاست بھر میں گاڑی چلاتے ہیں، ہم انہیں ترغیب دیتے ہیں کہ وہ محفوظ ڈرائیونگ کے طریقوں کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ معذوری کی حالت میں اور جارحانہ ڈرائیونگ، تیز رفتاری، حفاظتی پابندیوں کا استعمال نہ کرنا اور ڈرائیونگ کے دوران ٹیکسٹ بھیجنا یہ سبھی کام بلاوجہ چوٹوں اور اموات کا سبب بنتے ہیں۔ ریاستی پولیس ہماری سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لیے پُرعزم ہے اور مل جُل کر، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہر کسی کا تھینکس گِونگ محفوظ اور خوش باش گزرے"۔

**گورنر کی ٹریفک سلامتی کمیٹی کے چیئر اور موٹر گاڑیوں کے محکمے کے کمشنر Mark J. F. Schroeder نے کہا،** "ہم چاہتے ہیں کہ سفر کرنے والے تمام افراد خاندان اور دوستوں کو محفوظ طریقے سے اپنی منزل تک پہنچائیں اور لاپرواہی اور معذوری کی حالت میں ڈرائیونگ سے گریز کرتے ہوئے ایسا ہو سکتا ہے۔ معذوری کی حالت میں گاڑی چلانا آپ کو، آپ کے مسافروں، اور سڑک پر آنے والے تمام لوگوں کو خطرے میں ڈالتا ہے۔ اس تھینکس گِونگ پر اپنے ہوش و حواس میں رہ کر گاڑی چلا کر ایک المناک واقعہ کو روکیں"۔

**ریاستی محکمۂ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "ہماری سڑکیں تھینکس گِونگ کے دوران خاص طور پر مصروف ہوتی ہیں، اور ہر ایک کے لیے سفر کو آسان اور محفوظ بنانے کے لیے، ہم تعطیلات کے ویک اینڈ کے دوران تعمیراتی سرگرمیاں معطل کر دیں گے کیونکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی کوششوں کو سڑکوں پر حفاظتی اقدامات کرنے پر مرکوز کر رہے ہیں۔ ہم سب اپنے خاندانی اجتماعات اور دیگر تقاریب میں بحفاظت پہنچنا چاہتے ہیں، اس لیے ہمیں ضرورت ہے کہ گاڑی چلانے والے اپنے حصے کا کام کریں اور اسٹیئرنگ وہیل پر بیٹھ کر اچھے فیصلے کریں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سڑک کے اصولوں پر عمل کریں، معذوری یا پریشانی کی حالت میں ڈرائیونگ سے گریز کریں، اور اپنے فون کو نہ دیکھیں۔ ڈرائیونگ کے دوران ذمہ دار اور چوکنا رہنا عوام کی حفاظت اور ہر کسی کی ذاتی حفاظت کے لیے شکر گزاری کے اظہار کا ایک اچھا طریقہ ہے"۔

**ریاست نیو یارک کی تھرو وے اتھارٹی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Matthew J. Driscoll نے کہا،** "تھینکس گِونگ کی چھٹی سال کے مصروف ترین سفری اوقات میں سے ایک ہے اور ہم گاڑی چلانے والوں پر زور دیتے ہیں کہ جب وہ سڑک پر ہنگامی اور دیکھ بھال کرنے والی گاڑیاں دیکھیں تو محفوظ طریقے سے ڈرائیو کریں، آہستہ ہو جائیں اور دوسری لین میں چلے جائیں۔ جب ڈرائیور اسٹیئرنگ وہیل کے پیچھے غیر محفوظ فیصلے کرتے ہیں، تو وہ جانوں کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔ ہم ریاست نیو یارک کی پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے تھرو وے کو ملک کی سب سے محفوظ سپر ہائی ویز میں سے ایک رکھنے کے لیے ہمارا ساتھ دیا ہے"۔

تھرووے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو یاد دلاتی ہے کہ $450 ملین کی نجی سرمایہ کاری اور جدت کاری کے منصوبے کے تحت نو سروس ایریاز بند ہیں اور زیر تعمیر ہیں۔ تمام مقامات پر ایندھن کی خدمات کھلی رہیں گی۔ تعمیر کے دوران Thruway کے صارفین کو خدمات کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے، سفر کی ایک ہی سمت میں لگاتار دو سروس ایریاز کو ایک ہی وقت میں تزئین و آرائش کے لیے بند نہیں کیا جائے گا۔ گاڑیاں چلانے والے Thruway اتھارٹی کی ویب سائٹ اور مفت موبائل ایپ پر سروس کے علاقے دیکھ سکتے ہیں اور اپنے سٹاپس کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

ریاستی پولیس ریاست بھر میں معمول کے گشت کے ساتھ ساتھ معذوری کی حالت میں گاڑی چلانے والوں کو پکڑنے کے لیے گشت بشمول منشیات کی شناخت کے ماہرین، ڈرائیور کے ہوش و حواس میں ہونے کی پڑتال کرنے والے مستقل مقامات، کم عمر شرابیوں کے قانون کے نفاذ، رفتار کے قانون کے نفاذ، اور دستی آلات پر بات کرنے یا تحریری پیغامات بھیجنے والے ڈرائیوروں کو بہتر طریقے سے تلاش کرنے کے لیے خفیہ شناختی ٹریفک انفورسمنٹ گشتی گاڑیوں کے استعمال کے ساتھ ریاست بھر میں باقاعدہ گشت میں اضافہ کرے گی۔ یہ غیر نشان زدہ گاڑیاں روزمرہ کی ٹریفک کے ساتھ گھل مل جاتی ہیں لیکن ایمرجنسی لائٹنگ کے چالو ہونے کے بعد ہنگامی گاڑیوں کے طور پر واضع ہو جاتی ہیں۔

زیادہ ٹریفک عام طور پر تھینکس گِونگ کی چھٹی کے ویک اینڈ کے دوران ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا وقت بھی ہے جب الکحل کا بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ سنہ 2021 کی تھینکس گِونگ کی تعطیلات کے دوران، کُل 12,975 ٹکٹ جاری کیے گئے تھے۔ سپاہیوں نے DWI کی وجہ سے 183 ڈرائیوروں کو گرفتار کیا، 4,609 تیز رفتاری کے ٹکٹ اور 340 ٹکٹیں بے دھیانی میں ڈرائیونگ کرنے پر جاری کی گئیں۔

معذوری کی حالت میں ڈرائیونگ کی حوصلہ شکنی کے لیے، گورنر کی ٹریفک سلامتی کمیٹی اور اس کے شراکت دار #BoycottBlackoutWednesday ہیش ٹیگ کا استعمال کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر ملک گیر مہمات میں حصہ لیں گے۔

تھنکس گِونگ کے معذوری کی حالت میں ڈرائیونگ کی ممانعت کے قانون کے نفاذ کی پہل کاری کو گورنر کی کمیٹی برائے ٹریفک سلامتی (GTSC) کے ذریعے مالی مدد فراہم کی جاتی ہے۔گورنر کی کمیٹی برائے ٹریفک سلامتی اور ریاست نیو یارک کی STOP-DWI فاؤنڈیشن، گاڑی چلانے والوں کو یاد دہانی کرواتی ہیں کہ ان کی "Have a Plan" موبائل ایپ، ایپل، اینڈرائیڈ اور ونڈوز اسمارٹ فونز کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ نیو یارک کے باشندوں کو ٹیکسی یا رائڈشیئر سروس تلاش کرنے یا ان سے رابطہ کرنے اور ڈرائیوروں کی ایک مخصوص فہرست پروگرام کرنے کے قابل بناتی ہے۔ یہ DWI قوانین اور جرمانے کے بارے میں بھی معلومات فراہم کرتی ہے، اور ایک مشتبہ معذور ڈرائیور کی اطلاع دینے کا طریقہ بھی فراہم کرتی ہے۔

شراب یا منشیات کے نشے میں گاڑی چلانا ناصرف ڈرائیور کی زندگی اور دوسروں کی زندگیوں خطرے میں ڈالتا ہے بلکہ آپ کو گرفتاری کا، قید کا اور بھاری جرمانوں اور وکیل کی فیس کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ شراب نوشی کر کے گاڑی چلانے پر گرفتاری پر اوسطاً 10,000$ تک کے اخراجات کا متحمل ہونا پڑتا ہے۔

شراب یا منشیات کے نشے میں گرفتار ہونے والے ڈرائیوروں کو اپنے ڈرائیونگ لائسنس سے محروم کر دیے جانے، بیمہ کے بلند نرخوں اور اٹارنی کی فیس سے لے کر جرمانوں اور عدالتی اخراجات، گاڑی ٹو کیے جانے اور مرمتوں، اور کام کے وقت کے حرج جیسے درجنوں غیر متوقع اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ریاست نیو یارک کی پولیس، گورنر کی کمیٹی برائے ٹریفک سلامتی اور نیشنل ہائی وے ٹریفک سیفٹی ایڈمنسٹریشن گاڑی چلانے کے قابل نہ ہوتے ہوئے گاڑی چلانے کو روکنے کے لیے ان آسان تجاویز کی سفارش کرتے ہیں:

- تفریح شروع ہونے سے پہلے گھر جانے کے محفوظ ذریعے کا انتظام کریں۔
- شراب نوشی سے پہلے، گاڑی چلانے کے لیے ایک ایسے فرد کو نامزد کریں جو نشے میں نہ ہو۔
- اگر آپ گاڑی چلانے کے قابل نہ ہوں تو ٹیکسی استعمال کریں یا کوئی مشترکہ سروس پر سوار ہوں، دوستوں یا اہل خانہ میں سے کسی ایسے فرد کو بلا لیں جو نشے میں نہ ہوں یا پبلک ٹرانسپورٹیشن استعمال کریں۔
- اپنی کمیونٹی کا سوبر رائیڈ پروگرام استعمال کریں۔
- اگر آپ کو شک ہو کہ کوئی ڈرائیور نشے میں ہیں یا سڑک پر گاڑی چلانے کے قابل نہیں ہیں تو بلاجھجک قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ کو کسی ایسے شخص کے متعلق علم ہو جو گاڑی چلانے یا سواری کرنے کی حالت میں نہ ہوتے ہوئے ایسا کرنے والے ہوں تو ان کی چابیاں لے لیں اور ان کی محفوظ طریقے سے اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے دیگر انتظامات کرنے میں مدد کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418